بسم اللہ الرحمن الرحیم

# بچی کا نام نجمہ فاطمہ رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

نجمہ فاطمہ نام رکھنا کیسا؟

## جواب

لڑکی کا نام "نجمہ فاطمہ" رکھا جاسکتا ہے۔ "نجمہ" عربی میں ستارے کو کہتے ہیں، اور فاطمہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک ومقدس شہزادی اور ان کے علاوہ بھی متعدد صحابیات کا نام ہے۔

المنجد میں ہے "اَلْنَجْمَةُ : ستارہ۔" (المنجد، صفحہ 875، مطبوعہ: لاہور)

القاموس المحیط میں ہے "وفاطمة: عشرون صحابية" ترجمہ: اور فاطمہ: بیس صحابیات رضوان اللہ علیہن اجمعین کا نام ہے۔

(القاموس المحیط، صفحہ 1145، مطبوعہ: بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5306

تاریخ اجراء: 01 ربیع الاول 1448ھ/15 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net